# وقف قانون اور مسلم رہنما

**معاملہ بیک وقت تین طلاق کا ہو یا حلالہ کا، مسلم پرسنل لاء کا ہو یا اوقاف کا، مساجد کا ہو یا مدارس کا، موجودہ حکمراں طبقہ مسلمانوں کے خلاف ہر حربے کو استعمال کر رہا ہے۔ لیکن گزشتہ مسائل کی طرح مسلمانوں کو آئندہ در پیش چیلینجز سے نبرد آزما ہونے کے لئے مسلم سیاسی، سماجی اور دینی رہنما اتنی دور اندیشی سے کام نہیں کر رہے ہیں جتنی کہ ضرورت ہے۔**

سید خالد حسین، سنگاپور
ڈاکٹر محمد شاہد، دہلی

ایک سرکاری اندازے کے مطابق پورے بھارت میں 872,000 سے زیادہ وقف کی جائیدادیں ہیں۔ یہ جائیدادیں، جن میں مساجد، مدارس، قبرستان، درگاہیں، خانقاہیں، خیراتی ادارے اور خالی زمینیں شامل ہیں، ملک کی 30 ریاستوں اور آٹھ مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں اڑتیس لاکھ ایکڑ سے زیادہ رقبہ پر پھیلی ہوئی ہیں اور ان کی کل تخمینہ قیمت 1.2 ٹریلین (دس کھرب) روپے ہے۔ ان جائیدادوں میں سے 402,000 جائیدادیں waqf by user یعنی صارف کے ذریعہ وقف ہیں اور نئے بنائے گئے وقف (ترمیمی) قانون کے تحت حکومت کے قبضے میں جا سکتی ہیں۔ 73,000 سے زیادہ جائیدادیں تنازعات کا شکار ہیں اور نئے قانون کے تحت نئی دفعات سے متاثر ہوسکتی ہیں۔ ان جائیدادوں کو بچانے کے لئے مسلمان عوام اور رہنما وقف (ترمیمی) بل پارلیمنٹ میں پیش ہونے کے بعد سے کوششوں میں لگے ہوئے ہیں۔ اس بل کے قانون بن جانے کے بعد اس کے قانون کو سپریم کورٹ میں چیلنج کر دیا گیا اور اب فیصلے کا انتظار ہے، جو کہ ججوں نے ایک ماہ سے زیادہ سماعت اور بحث کے بعد بائیس مئی کو محفوظ کر لیا اور جولائی میں عدالتوں کی چھٹیوں کے بعد جاری کیا جائے گا۔ اس قانون کے خلاف 73 درخواستیں سپریم کورٹ میں داخل کی گئی تھیں لیکن ان میں سے صرف پانچ پر ہی سنوائی ہوئی اور بقیہ اڑسٹھ درخواستیں رد کر دی گئیں۔ ان پانچ درخواستوں میں سے ایک آل انڈیا مجلس اتحاد المسلمین کے رہنما اسدالدین اویسی کی ہے، ایک جمعیت علماء ہند کے ایک دھڑے کے رہنما ارشد مدنی کی ہے اور بقیہ تین مختلف صوبوں کے افراد کی ہیں۔ سپریم کورٹ کے مسلمانوں سے متعلق چند سابقہ فیصلوں کے مد نظر یہ یقین سے نہیں کہا جاسکتا کہ اس مرتبہ اونٹ کس کروٹ بیٹھے گا، ہماری یا حکومت وقت کی۔

لیکن وقف بل کے پارلیمنٹ میں پیش کیے جانے اور وقف قانون بن جانے کے بعد سے مسلمانوں کی طرف سے مار پیچھے پکار ہو رہی ہے۔ گزشتہ چند ماہ میں آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ میں شامل مختلف مذہبی و سماجی جماعتوں، خصوصاً جمعیت علمائے ہند اور جماعت اسلامی ہند، نے ملک کے مختلف شہروں میں جلسوں، مظاہروں، تقریروں اور پریس کانفرنسوں کے ذریعے وقف (ترمیمی) قانون کے خلاف مسلم اتحاد اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ اس مقصد کے لئے دو ماہ قبل پندرہ منٹ کے لئے تمام لائٹیں بند کر کے "بتی گل" کی شکل میں کووڈ کے دور کی تالی تھالی جیسا ایک gimmick بھی منعقد ہوا۔ ایسا لگا جیسے تمام مسلم لیڈر شپ اور عوام اچانک نیند سے بیدار ہو گئے اور صدیوں سے موجود وقف کی جائیدادوں کی بازیابی اور حفاظت کا خیال اچانک دل میں آ گیا۔ لیکن "اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت" والی کیفیت دکھائی دے رہی ہے۔

پاسبان مل گئے۔۔۔

یہ حقیقت بھی قابل غور ہے کہ اگر وقف بل اور اس کے پارلیمنٹ میں پاس ہونے کے خلاف غیر مسلم سیکولر رہنما، جماعتیں اور قانون داں پارلیمنٹ میں اور اس کے باہر آواز نہ اٹھاتے تو علیگڑھ مسلم یونیورسٹی کے اقلیتی کردار کے خلاف فیصلے کی طرح وقف بل بھی ایک دن بنا کسی شور شرابے کے قانون بن جاتا اور بھارت کی سوئی ہوئی مسلمان قوم کو اگلے دن ہی اس کی خبر ملتی۔ وقف ایکٹ ہی کیا، ہماری قوم اور اس کے رہنما ہر مصیبت کے آ جانے کے بعد ہی جاگتے ہیں اور سوئی ہوئی قوم کو بھی جگانے کی کوششیں تیز تر ہو جاتی ہیں۔

"تین طلاق" کا معاملہ لے لیجئے۔ بیک وقت تین طلاقیں زبان سے کہہ دینا ایک قبیح عمل اور ایک ناجائز فعل اور بدعت ہے، لیکن ہمارے علماء کرام کو کبھی یہ خیال نہ آیا اور نہ توفیق ہوئی کہ ملت اسلامیہ میں رائج اس رسم کو ختم کرتے۔ بالآخر حکومت کو ہی قدم اٹھانا پڑا اور قانون کے ذریعے اس فعل کو جرم قرار دینا پڑا۔ اس پر مسلمانوں کی طرف سے جو واویلا مچا وہ سب کو معلوم ہے۔ اور اب تلنگانہ ہائی کورٹ نے ایک فیصلے میں کہا ہے کہ مسلم خواتین کو خلع لینے کا مطلق اور غیر مشروط حق حاصل ہے اور اس کے لیے شوہر کی منظوری یا رضا مندی لازمی نہیں ہے جبکہ خلع کے لیے میاں بیوی دونوں کی رضامندی ضروری ہے اور شوہر کی رضامندی کے بغیر خلع شرعاً معتبر نہیں ہوتا۔

چھتیس سال قبل سن 1989 میں دہلی کے ایک مؤقر دانشور و صحافی، سلیمان صابر، نے جماعت اسلامی اور جمعیت علماء کے ذمہ داران کو مشورہ دیا تھا کہ تین طلاق کے معاملے کو از خود درست کر لیں، اس سے پہلے کہ حکومت وقت اس سلسلے میں کوئی غلط قدم اٹھائے اور یہ مسئلہ مسلم پرسنل میں مداخلت کا پیش خیمہ ثابت ہو۔ لیکن وہی تجاہل عارفانہ اور غفلت۔ نتیجتاً حکومت وقت نے اس کو اپنی مرضی کے مطابق بدل دیا اور مسلم ملت کے خود ساختہ رہبران کچھ نہ کر سکے۔ اگلا نمبر حلالہ کا ہے۔ حلالہ کی غرض سے کیا گیا نکاح، نکاح نہیں زناکاری ہے اور اللہ کے رسول ﷺ نے حلالہ کرنے اور حلالہ کرانے والے دونوں پر لعنت کی ہے۔ لیکن مجال ہے کہ ہمارے مذہبی، سماجی اور سیاسی رہنما اس طرف دھیان دیں اور اس گھناؤنی رسم کو مسلم سماج سے ختم کرنے کے لئے کام کریں۔ یہ کام بھی شاید سرکار کو ہی کرنا پڑے گا اور ایک بار پھر ہمارے نام نہاد رہنما جاگیں گے اور قوم کو جگا کر اس کے خلاف مہم چلائیں گے۔ حلالہ کی رسم کی اکثر مسلمان حمایت کرتے ہیں۔ اس غفلت کے ذمہ دار ہمارے علماء حضرات کو کہا جاسکتا ہے۔ اس قبیح رسم کو حکومت کی جانب سے مداخلت سے قبل ختم کر دیا جانا چاہیے وگرنہ حکومت وقت اپنا مفاد پیش نظر رکھ کر اس کو تبدیل کر دے گی اور اس وقت تمام علماء اور ملت اسلامیہ خود کو بے دست و پا محسوس کرے گی۔ علاوہ ازیں یہ یکساں سول کوڈ کی جانب حکومت وقت کا ایک اور مضبوط قدم ہوگا۔

اردو، فسادات اور پرسنل لاء

اردو بھارت کی بائیس سرکاری زبانوں میں سے ایک ہے۔ لیکن ہم نے اس کے ساتھ جو رویہ اپنایا ہوا ہے اور جس طرح غیروں کی طرف سے اس زبان کی مخالفت ہو رہی ہے، وہ دن دور نہیں جب اس زبان کا سرکاری درجہ بھی ختم کر دیا جائے اور ہمارے نا عاقبت اندیش رہنما اور خواب شیریں میں غرق ملت جاگ کر اس مصیبت کو بھی ٹھنڈے پیٹوں برداشت کر لیں۔ اردو زبان وہ ذریعہ تھا جس کی مدد سے متحدہ ہندوستان نے انگریزوں سے آزادی حاصل کی تھی۔ اردو کے خلاف نفرت آزادی سے قبل دلوں میں تھی، لیکن آزادی کے اگلے ہی دن یہ نفرت اس وقت ظاہر ہوئی جب ہندی کو ہندوستانی زبان پر ترجیح دی گئی۔ ڈاکٹر راجندر پرساد کے صدارتی اختیار کے ووٹ نے ہندی کو سرکاری زبان بنا دیا۔ دور حاضر میں مسلمان اردو رسم الخط کے بجائے اپنی تحریروں میں رومن انگلش استعمال کر رہے ہیں۔ گویا یہ اردو کے تابوت میں آخری کیل ٹھوکنے کے مترادف ہے۔ جب اپنا ہی سکہ کھوٹا ہو تو پرکھنے والے کا کیا قصور؟

کئی دہائیوں تک مسلم کش فسادات کے جاری رہنے اور ان کو برداشت کر لینے کے بعد اب ماب لنچنگ اور مساجد کے باہر "جے سری رام" کے نعروں کے ساتھ پر تشدد جلوسوں کو روکنے کے لئے بھی کوئی مؤثر تدابیر نہیں کی گئیں تو خدانخواستہ مسجدوں، مدرسوں اور قبرستانوں پر قبضے کرنا بھی قانونی طور پر جائز قرار دے دیا جاسکتا ہے اور مسلمانوں کو اپنے ان مذہبی مقامات سے ہاتھ دھونا پڑسکتا ہے۔ اس سلسلے میں وقف کا قانون پہلی کڑی معلوم ہوتی ہے۔ آر۔ ایس۔ ایس۔ نے اپنے سماج کو برسر اقتدار لانے کے لیے قریبا 100 سال قبل کوششوں کی ابتداء کی تھی۔ اج ان کی حکمت عملی کامیاب ہے۔ ماب لنچنگ بھی اسی پلاننگ کا ایک حصہ ہے۔ مسلم پرسنل لاء کو ختم کرنے کے لئے پورے ملک میں یونیفارم سول کوڈ کا خطرہ پہلے ہی سالہا سال سے مسلمانوں کے سروں پر منڈلا رہا ہے۔ لیکن اس خطرے سے نمٹنے کے لئے بھی کوئی خاطر خواہ تدبیر پر عمل ہوتا نظر نہیں آ رہا ہے۔ موجودہ حکومت مسلمانوں کے خلاف ہر حربے کو استعمال کر رہی ہے، اور مسلمان ان سے نبرد آزما ہونے کے لئے "ہاتھ پر ہاتھ دھرے منتظر فردا ہیں۔

مجرمانہ غفلت

چلیے واپس وقف کی طرف آتے ہیں۔ ہمارے آباؤ اجداد نے اپنی زمینوں کو تعلیم، عبادات، رزق حلال، رفاع عام اور دیگر دینی خدمات کے لیے وقف کیا تھا۔ وقف بورڈ کے عہدے داران اس کا فائدہ اٹھاتے رہے اور یہ زمینیں وقف کے صرف چند عہدے داران کے ذاتی منافع کا ذریعہ رہی ہیں۔ یہ عہدے داران ہمیشہ اس بات سے غافل رہے کہ بھارت کا مسلمان اندیشوں میں جی رہا ہے، پریشان حال ہے اور مظالم کا شکار ہے۔ یہ ذمہ داران اور عہدے داران وقت رہتے تعمیراتی کام نہ کر سکے۔ یہ کیسی مجرمانہ غفلت تھی کہ نہ کوئی تعلیمی ادارہ بنایا، نہ کوئی اسپتال تعمیر کیا، نہ کوئی ریسرچ سینٹر قائم کیا، نہ کوئی اسکلس ڈیولپمنٹ سینٹر قائم کیا، نہ کوئی میڈیکل کالج بنایا، نہ کوئی فارمیسی کالج بنایا، نہ کوئی پولی ٹیکنیک بنایا، نہ کوئی گرلز ہاسٹل بنایا، نہ کوئی بوائز ہاسٹل بنایا، نہ کوئی اولڈ ایج ہوم بنایا (گو کہ اس کی مسلم ملت میں ضرورت نہیں ہوتی)، نہ کوئی بڑی مسجد تعمیر کی اور نہ کوئی بڑا مدرسہ قائم کیا۔

اس طرح کی اور بہت سی مثالیں دی جاسکتی ہیں جہاں ہم کام کر سکتے تھے، لیکن وقف پر قابض مسلم ذمہ داران کی غفلت نے اج ہمیں یہ دن دکھایا ہے کہ کھربوں روپے کی وقف کی جائیدادیں خطرے میں پڑ گئی ہیں۔ انہوں نے صرف ذاتی مفاد کے لیے کام کیا۔ جب مواقع تھے لیکن موقع پرستوں نے وہ مواقع ضائع کر دیے۔ نتیجتاً صورت حال یہ ہوگئی ہے کہ حکومت وقف کی زمینوں اور جائیدادوں پر وقف کے کالے قانون کے ذریعے قبضہ کر سکتی ہے۔ عیسائی برادری نے اپنے مقدس مقامات کو محض عبادت گاہوں تک محدود نہیں رکھا، بلکہ انہوں نے تعلیم، صحت اور سماجی خدمات کو بھی خود اپنے ہاتھوں میں لیا۔ خدمت خلق کے لیے ہر وہ ادارہ تعمیر کیا جس کی عوام الناس کو ضرورت تھی۔ گرجا گھر تعمیر کئے اور ان کے پادریوں کی تعظیم اور تکریم میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ لیکن ان پادریوں نے کوئی غیر ضروری فتوے جاری نہیں کئے جیسا کہ ہمارے ہاں ہوتا ہے، بلکہ اپنے مفید مشوروں سے خدمت خلق کے متعدد ادارے قائم کروائے۔ ہمارے پاس بھی ایسے ادارے قائم کرنے کے لیے وقف کی زمینیں ہیں۔ کیا ہمارے علماء، ذمہ داران ملت، عہدے داران وقف بورڈ یا کسی دیگر قائد نے ایسی تدابیر اختیار کیں؟ اپنا گھر بھرنے کے علاوہ کیا انہوں نے کبھی سوچا کہ ہماری آنے والی نسلیں کیسے اس ملک میں امن و آشتی سے زندہ رہیں گی۔ مساجد کے ائمہ حضرات تنخواہوں کے لیے بھیک مانگتے رہے۔ کسی نے کوئی پرواہ نہیں کی۔ آج ہر فرد بیدار ہے یا بیدار ہونے کا ناٹک کر رہا ہے، اچانک ہر خاص و عام کے دل میں درد پیدا ہو رہا ہے، سب خون کے انسو رو رہے ہیں۔ سانپ نکل گیا اور لکیر پیٹ رہے ہیں۔ اژدہا نما وقف قانون مسلمانوں کی وراثت نگلنے کی تاک میں بیٹھا ہے۔ یہ تلخ حقیقت ہے کہ وقف کی بیشمار جائیدادیں غصب کر لی گئیں ہیں یا غیروں کے ہاتھوں میں چلی گئیں۔ بھارتی مسلمانوں، اب ساری زندگی خدشات میں جیو۔ بے حس قوم کا انجام ایسا ہی ہوتا ہے۔

مصلحت پسندی

مسلم لیڈر شپ کے فقدان اور حکومت وقت اور دیگر تمام سیاسی پارٹیوں کی مسلم لیڈر شپ نہ بننے دینے کی متحدہ سازش کے نتیجے میں "ہم وہاں ہیں جہاں سے ہم کو بھی کچھ ہماری خبر نہیں اتی"۔ علی گڑھ یونیورسٹی کا اقلیتی کردار ہو یا وقف بل، سب ہماری نا عاقبت اندیشی کا نتیجہ ہے۔ ہمارے ملی رہنما اگر مصیبت آ جانے کے بعد بھی بیدار ہو جائیں تب بھی غنیمت جانیے۔ جب ایک قد آور قوم اقتدار کی جنگ ہار کر پستہ قد ہو جاتی ہے تو وہ مصلحت پسندی کا شکار ہو جاتی ہے اور اپنے خلاف ہو رہے مظالم کو مصلحت پسندی سے برداشت کرتی ہے، جو بالآخر سم قاتل ثابت ہوتا ہے۔ مصلحت پسندی کے اس عمل نے نوجوان ملت کو بزدل بنا دیا ہے۔ قربانی کا جذبہ ختم ہو چکا ہے۔ اگر یہ بیدار نہ ہوا تو ملت کی قدر و منزلت کا گمنامی کے عمیق سمندر میں دفن ہونے کا اندیشہ ہے۔ جب بزدل کے ہاتھ میں اقتدار آ جاتا ہے تو وہ ظالم بن جاتا ہے، اور مسلمانوں پر ہو رہے تمام مظالم اس قول کی نشاندہی کرتے ہیں۔ اس کا مداوا محض بہادری اور قربانی سے دیا جاسکتا ہے۔

جواب دہی

جو قوم وقت رہتے سوتی رہے گی اس کا انجام بہتر نہیں ہوسکتا۔ آج ہماری نوجوان نسل سوال کر رہی ہے کہ اس غفلت کی ذمہ داری کس کس پر عائد کی جائے۔ کون کون سے افراد ہیں جو ملی امانت کی بربادی کے ذمہ دار ہیں۔ کیا وہ لوگ سزا کے مستحق نہیں ہیں؟ جی ہاں ہیں۔ انہیں قرار واقعی سزا دی جانی ضروری ہے۔ انہوں نے ملت کو سڑکوں پر لا کر چھوڑ دیا ہے اور خود لیڈر شپ کی کمان سنبھال لی ہے۔ وہ بہت کچھ کر سکتے تھے لیکن کچھ بھی نہیں کیا۔ آج ہر خود ساختہ لیڈر شہرت کے توے پر اپنی روٹی سینکتا نظر آ رہا ہے۔ افسوس صد افسوس! چلو بھر پانی میں ڈوب مرنے کا مقام ہے۔ علماء اور عمائدین، تمہیں جواب دینا ہے، نہ صرف دنیا کو بلکہ آخرت میں اپنے رب کو بھی۔ ملت کو سڑکوں پر احتجاج کرنے، شور شرابہ کرنے اور سینہ کوبی کرنے کی دعوت دی جا رہی ہے۔ ارباب حکومت بھی جانتے ہیں کہ ایسا ہوگا۔ ایسے احتجاج سے کیسے نمٹا جائے گا وہ بخوبی واقف ہیں۔ کیا اس کا مثبت نتیجہ برآمد ہوگا۔ ذرا سوچ کر بتایئے۔ برآمد نہیں ہوگا برآمد کرانا پڑے گا۔ اگر ہو سکے تو وقف کی زمینوں کو بچایئے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے قربانی درکار ہے۔ قربانی وہ جو عظیم اور مسلسل ہو۔ اپنے مستقبل کو سنبھالیے۔ آنکھیں کھولیے قبل اس کے کہ سب کچھ غائب ہو جائے اور لٹ جائے۔ جی ہاں بات ہندوستانی مسلمانوں کی ہے جو غفلت کا شکار ہیں۔ مسلمانان ہند کے بارے میں کہا جاسکتا ہے کہ "کچھ لوہا کھوٹا اور کچھ لوہار کھوٹا"۔ اے ہندوستان کے مسلمانوں جاگو، اصلاح اپنے گھر سے شروع کرو، تعلیم کا نظام بناؤ، اپنا شعور بیدار کرو، جاگو، ابھی بھی وقت ہے۔

اٹھو، وگرنہ حشر نہیں ہوگا پھر کبھی
دوڑو، زمانہ چال قیامت کی چل گیا

**سید خالد حسین سنگاپور میں مقیم صحافی ہیں اور ڈاکٹر محمد شاہد دہلی میں مقیم ماہر تعلیم ہیں**
ان سے بالترتیب 65 91195711+ اور
+91 2166699101
پر رابطہ کیا جاسکتا ہے

مضمون و مراسلہ نگار کی آراء سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں

# موج دریا کس طرح بنتی ہے اب زنجیر دیکھ

فہیم انساء مہوش

انا، تکبر، ظلم اور بربریت میں ساری حدود پار کرنے والی باطل قوتیں معصوم بچوں کی نسل کشی دھڑلے سے کر رہی ہے اور دنیا خاموش تماشائی بنی ہے ۔۔۔ کیا یہ انسانیت کے ماتھے پر انسانوں کے نام پر ایک بدنما داغ نہیں ہے ؟۔۔ کیا عرب ممالک مفاد پرستی اور غلامی کا طوق ڈالے خاموش ہیں ؟؟؟؟؟۔۔ کیا معصوم بچوں کے لیے ایک safe zone کا مطالبہ نہیں کیا جاسکتا۔۔۔ سارے ممالک ان معصوم بچوں کی بھوک پیاس اور تڑپ کو دیکھ رہے ہیں جو پوری ہونا تو کجا پوری کرنے کے لیے جانے پر قتل عام کا شکار ہو رہے ہیں۔۔ کیوں کوئی بھی ملک عملی حکمت عملی اور بچوں کے تحفظ کا مطالبہ نہیں کر رہا ہے ۔۔ جب ک بچوں کو جنگ میں مارنا جینوا کنونشن کے تحت جنگی جرم ہے۔۔ امت مسلمہ ساکت اور جامد کیوں ہوگی ہے غزہ پر۔۔ کتنی شرم کی بات ہے ظالم بربریت کی انسانیت سوز داستان رقم کر رہا ہے وہیں پر خاموش حکمراں اپنا سیاہ باب رقم کر رہے ہیں۔ جہاں انکی خاموشی اپنی بے وقعت اور بزدل حکمرانی کی دلیل پیش کر رہی ہے۔۔ ۔تاریخ جس دور کو یاد رکھے گی وہ ہے " قوت کا مظاہرہ کر کے نقصان اٹھانے کی بے وقوفی پر کاربند رہنا" ۔ ساری انسانیت کو شرمسار کرنے والی طاقتیں۔۔ ایک دن خود زیر ہونگیں لیکن ان کا کیا جو خاموش رہ کر خود عزاب خداوندی کے مرتکب ہو رہے ہیں ۔۔۔ مغربی ممالک جہاں اپنے ترقی یافتہ اور ماڈرن ہونے کے، انسانی حقوق کی پاسداری کے بلند بانگ دعوے کرتے ہے آج وہی بربریت کی پشت پناہی کر رہی ہیں ۔۔۔۔ جو بچوں کو جنگ میں شامل نا کرنے کا حکم نہیں دے سکتے وہ کیا ترقی یافتہ کہلا سکتا ہیں ۔۔ وہ کیا انسانیت کی فلاح کو لازم کر سکتے ہیں۔۔ پانی کے لیے گیلن پکڑے بچے قطار میں کھڑے ہو کر ڈرون حملے سے مارے گیے۔۔۔ کیا یہ ساری دنیا کے لیے توجہ اور انتہائی سخت گیر موقف اختیار کرنے والی بات نہیں ہے؟ ۔۔ وحشیانہ نسل کشی پر خاموشی کیوں؟ کب تک یہ خاموشی ۔۔ کیا دنیا اب نسل کشی پر خاموش ہے رہے گی؟ ۔۔ کیا یہ جرم اتنا سنگین نہیں ہے ک اس سے انسانوں کو فرق نہیں پڑے گا۔

حق و باطل کے اس معرکے میں حق ڈٹا ہوا ہے اور باطل گویا اس استقامت پر بوکھلا گیا ہے۔۔ اپنی قوت کے بے دریغ استعمال سے انجام سے لا پرواہ ہے۔۔ کیونکہ حق نے کبھی شکست کھائی ہی نہیں ہے۔۔۔ کیونکہ حق نا مٹ سکتا ہے اور نا کبھی مٹے گا۔۔

مومن بے خوف ہوتا ہے جانوں کا زیاں اسکے ایمانی قوت کو نا کبھی متزلزل کیا ہے اور نا کبھی کرے گا۔۔۔ تاریخ گواہ ہے ک انا پرست قوتیں تاریخ میں اس دن کی یاد میں محض لعن وطعن بن کر یاد کی جاتی ہیں اور ظلم کی علمبردار بن کر یاد ہوتے ہوئے ملامت پاتی رہتی ہیں ۔۔۔۔ جشن ہمیشہ حق کی فتح کا منایا جاتا ہے ۔۔ اور حق پرست حق کے علمبردار بن کر ہر آنے والی نسل کے لیے باعث تقلید بنیں گے ۔۔ جب ک انسانی حقوق کی پامالی چاہے جتنی ہوتی رہے ہر دور میں اسکی پامالی کرنے والے سیاہ باب بن کر تاریخ میں رقم رہیں گے ۔۔۔

یزید کے پاس طاقت، انا تکبر، حکومت اور لشکر تھا۔۔ لیکن امام عالی مقام کی صداقت، اور حق پرستی نے اس باطل کی بنیادیں اکھاڑ کر رکھ دیں۔۔ حق و باطل کی اس جنگ نے ہر قوم کو حق پرستی کا مفہوم سمجھایا اور اس بات کی تصدیق کر دی کی باطل چاہے جتنا طاقتور ہو۔۔ اسکا مقدر پسپائی اور مٹنا ہی ہے ۔۔

جنگ بندی کے لیے جن شرائط کو اسرائیل لازم کرنے کی کوشش کر رہا ہے اس کی اس سے زیادہ بے وقوفی اور کیا ہوسکتی ہے ک اپنا اتنا بڑا نقصان کرنے کے باوجود وہ سوچ رہا ہے ک اب مزاحمتی قوتیں اپنا سب کچھ حق کے لیے نچھاور کرنے کے بعد بھی دستبردار ہو جاے گی ۔۔۔ اس سے زیادہ احمقانہ سوچ اور کیا ہوسکتی ہے ۔۔ سوال اور وقار مزاحمت کی قوت کا ہے ۔۔۔ ناکہ وہ قوت جو انسانیت کو تہس نہس کر دے ۔۔۔ جو رہتی دنیا تک اس قوم کو تاریخ کے روبرو شرمسار کرتی رہے ۔۔۔۔ ک وہ وہ قوت جو حق کی آواز کو بربریت سے بھی کمزور نا کر سکی تو پھر وہ کوی قوت تو نہیں ہوئی ۔۔ جس قوت سے بچوں کی زندگیاں ختم کی گیں ۔۔ وہ کوی قوت تو نہیں ہوی ۔۔ اسی لیے باطل چاہے کتنا ہی طاقتور ہو بلاشبہ وہ کمزور ہی ہے ۔۔ اگر اسکے جنگی جرایم میں خاص کر بچے اور خواتین بھوک پیاس سے ، اور امداد لینے پر قتل کیے جاتیں تو اسکی کمزوری کا اور کیا ثبوت ہوسکتا ہے ۔۔۔

امت مسلمہ ایسی اسلامی تاریخ کی جنگِ عظیم اپنی رہنمائی میں رکھتے ہیں جو جنگ بدر کہلاتی ہے ۔۔1000 جنگی مشرکین کے مقابل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی 313 کی فوج بری طرح باطل کو شکست دے دی تھی ۔۔ جنگ بدر سرے سے باطل کی قوت کا انکار ہے ۔۔ چاہے وہ دور ہو یا اس دور جدید کی اے آئی ٹکنالوجی جس سے فلسطین پر حملے ہو رہے ہیں ۔۔۔۔۔۔ کیا ایسی جنگی نمونہ رکھنے والے اللہ کی طاقت پر یقین اور حق کی فتح اور عظمت و سربلندی کا اپنے سر میں کم جنوں رکھ سکتے ہیں؟ ۔۔ اسرائیل نے ایسی بے جا شرطوں پر جنگ بندی کی تجویز پیش کی کہ جنگ کا بنیادی مقصد ہی ختم ہو گیا جو ک فلسطین کی زمین ،شناخت اور سیاسی خود مختاری کے تنازعہ پر مشتمل ہے ۔ کیونکہ یہ فقط زمینی تنازعہ تو ہے نہیں یہ تو معرکہ ہے حق و باطل کا ۔۔ کربلا کا منظر پیش کرتی غزہ کی زمین آنے والے دور میں مغربی طاقتوں کے لیے ،سارے عالم کے آگے یہ پیغام کی عکاسی کرتی نظر آئے گی ۔"

تونے دیکھا سطوت رفتار دریا کا عروج"

فلسطین کی " آزادی " اور اس پر بے جا تسلط " سے موسوم ۔۔۔ یہ جنگ مزہبی ہونے کے ساتھ ساتھ سیاسی اور قومی اور انسانی حقوق کی جنگ بھی ہے ۔۔

طاقت کے نشے میں چور یمن کا بادشاہ کعبۃ اللہ کی حرمت کی پامال کرنے کے لیے پہنچا لیکن محض ابابیلوں کے لشکر نے اس بادشاہ کے لشکر کو نیست و نابود کر دیا ۔۔ اور باطل مٹ گیا ۔۔ ایسی ہی حق و باطل کی لڑائی حضرت موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کے درمیان ہوی ۔۔ اسکا ظلم و بربریت کا یہ عالم تھا ک وہ قتل عام کرتا رہا بالآخر اسے اللہ تعالی نے دس محرم الحرام کو اسکے تمام لشکر سمیت دریا میں غرق کر دیا ۔۔ اور ظلم جبر و بربریت کے باب کا خاتمہ ہو گیا ۔۔ اور حق کا پرچم بلند ہوا ۔۔۔ اس طرح یہ بات تو طے ہے کے حق و باطل کا ٹکراؤ تا قیامت جاری رہے گا ۔۔ لیکن ان سب کے درمیان حق کا ساتھ دینے والے ، حق پر ڈٹے رہنے والے ، حق پر آواز اٹھانے والے ، اور ظلم و جبر پر روک تھام کرنے والے بھی اس حق کی جنگ میں شامل رہتے ہیں ۔ اور کسی حد تک رہتے ہیں یہ بھی بڑی اہمیت کی حامل ہے ۔۔۔

روس کے خلاف چیچنیا کی مزاحمت ایک طویل تاریخ رکھتی ہے ۔۔ سو بلاشبہ کئی دہائیوں بعد چیچن مزاحمت کی فتح قرار دی گئی ۔۔ اب فلسطینی مزاحمتی گروہ اسے اپنا آیڈیل مان کر چل رہا ہے ۔۔ جس مزاحمت کا اولین مطالبہ غزہ سے اسرائیلی انخلاء ہے ۔۔ وہیں پر اسرائیل کی یہ شرط کے مزاحمتی گروہ غزہ چھوڑ دیں ۔۔ کیسے عمل ممکن ہوسکتا ہے ۔۔ اگر اسرائیل مزاحمتی حماس کے خاتمے کو شرط بنایے ؟۔۔ اور فلسطین کو ایک آزاد ریاست کا درجہ نا ملے تو کیسے ممکن ہے ؟ بیسویں صدی کے آغاز سے جاری اس جنگ میں مزاحمتی تحریک کا بنیادی مقصد فلسطین کے حقوق ہیں ۔۔ جو فلسطین کی مزہبی شناخت اور سیاسی و قومی شناخت کے مطالبے اور حق کی تحریک بن کر ڈٹی ہوی ہے ۔۔

OIC یورپی یونین اور اسلامی تنظیموں کو چاہیے اسرائیل پر سفارتی دباؤ بڑھایے تاک وہ قتل عام سے باز آجاے اور جنگ بندی کا احترام کرے ۔۔ ساری عالمی تنظیموں بشمول انصاف اور انسانیت پسند تنظیمیں دو ریاستی حل کو یقینی بنانے کی پرزور کوششیں کرے اور عملی اقدامات کو روبعمل لائیں ۔ انصاف پسندی کو عام کرتے ہوے غیر قانونی بستیوں کا خاتمہ کرواے ۔۔ تاک فلسطین کو ایک آزاد اور خود مختار حکومت کا درجہ ملے جو ک اس کا حق ہے ۔۔ انسانی حقوق کی تنظیم ICC کو چاہیے ک تمام کاروائیوں کی ، تحقیقات کراے اور نا صرف جنگی اصولوں کی خلاف ورزی پر بلک جنگی جرایم کے ذمے داروں کے خلاف قانونی کاروای کا لزوم کرے ۔ ان تمام کاروائیوں کی شفاف جانچ کو دنیا کے سامنے رکھے ۔۔ امریکی پشت پناہی میں اسراییل دو لاکھ لوگوں کے قتل عام میں ملوث ہے جس میں زیادہ تر خواتین اور بچے ہیں ۔۔۔ لیکن " حق پرستی" اسلام دشمن سازشوں میں ملوث قوموں کے لیے زنجیر بنتے دیر نہیں لگتی ۔ بھلے ہی مغرب کی قوت و طاقت آج فلسطین کے لیے بربریت کی انتہا کر چکی ہو ۔۔۔ ایک اور موضوع جو اس موضوع سے منسلک ہے ک امت مسلمہ کا اتحاد عملی طور پر بنا کسی طاقتوں کی خوشامدی و ترک مفادات پر مبنی ہو تو آواز حق اپنے مکمل اہداف کے ساتھ رنگ لا سکتی ہے ۔۔ بہر حال ان مزاکرات کے چلتے وقتی جنگ بندی ہو یا نا ہو لیکن جو بات طے ہے وہ اسلام دشمن سازشیں اور انکا بنیادی مقصد بمقابلے حق کی عظمت و سربلندی کے لیے حق کا حصول ۔۔۔

تونے دیکھا سطوت رفتار دریا کا عروج
موج دریا کس طرح بنتی ہے اب زنجیر دیکھ

☆☆☆☆☆



# بنیادی انسانی حقوق کا تحفظ ریاستی حکومت کی اولین ذمہ داری

**تلنگانہ انسانی حقوق کمیشن کے چیرمین جسٹس ڈاکٹر شمیم اختر نے ایک خصوصی انٹرویو میں عصر حاضر میں پائے جانے والے تنازعات اور ان کی یکسوئی کیلئے مساویانہ جدوجہد پر زور دیا۔**

سید علی طاہر عابدی سے گفتگو کرتے ہوئے جسٹس شمیم اختر نے مساویانہ طور پر مسائل کی یکسوئی پر زور دیا۔

تلگنڈہ سے تعلق رکھنے والے جسٹس ڈاکٹر شمیم اختر ایک ایسے خاندان سے تعلق رکھتے ہیں جن کے ننھیال میں تقریبا 100 برس سے پیشہ وکالت اور قانون سے وابستگی ہے۔ ان کے والد جناب محمد جان مرحوم آندھرا پردیش ہائی کورٹ کے سپرنٹنڈنٹ کی حیثیت سے سبکدوش ہوئے تھے۔ جسٹس ڈاکٹر شمیم اختر ابتداء ہی سے سماجی اور سیاسی جہد کار رہے اور انہوں نے کالج کی سیاست میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اسٹوڈنٹس یونین کی صدارت پر بھی فائز رہے۔ پیشہ وکالت سے وابستگی فطری تھی، 1986ء میں تلگنڈہ کورٹ سے اپنے کریئر کا آغاز کیا۔ 16 برس تک وہ ایڈوکیٹ کی حیثیت سے خدمات انجام دیتے رہے، ڈسٹرکٹ جج بھی رہے۔

**سوال** : کیا کمیشن میں دائر کردہ مقدمات کسی امتیازی سلوک کے ساتھ حل کئے جاتے ہیں؟

**جواب** : انسانی حقوق کمیشن تمام مقدمات کو ایک نظر سے دیکھتا ہے اور مقدمہ چاہے چھوٹا ہو یا بڑا اسے بالکل غیر جانبدارانہ انداز میں سنا جاتا ہے اور کسی بھی فرد یا ادارے کے دباؤ کو کمیشن قبول نہیں کرتا۔

**سوال** : 17/ اپریل 2025ء کو آپ نے عہدے کا جائزہ حاصل کیا تب سے لے کر آج تک کتنے مقدمہ جات کی یکسوئی عمل میں آئی؟

**جواب** : تا حال 2800 مقدمات حل کئے جا چکے ہیں جن میں شادی بیاہ کے تنازعات، گھریلو تشدد، فوجداری مقدمات شامل ہیں جو تحفظ انسانی حقوق قانون 1993ء کی دفعہ 21D کے تحت دائر کیئے جاتے ہیں۔

**سوال** : تلنگانہ ہائی کورٹ میں بحیثیت جج آپ نے کتنے فیصلوں کی یکسوئی فرمائی؟

**جواب** : تقریبا 18000 مقدمات کی سنوائی کی اور فیصلہ سنایا۔ ایک جج کیلئے دن رات سخت محنت کی ضرورت رہتی ہے اور کسی بھی مقدمے کے فیصلے کو بلا کسی سیاسی، سماجی، شخصی اداریاتی دباؤ کے حل کرنا مشکل ہوتا ہے لیکن انصاف پر یقین رکھنے سے کام آسان ہو جاتا ہے۔

**سوال** : پیشۂ وکالت سے آپ کیسے وابستہ ہوئے؟

**جواب** : میرے ننھیال میں تقریبا پچھلے سو برس سے پیشہ وکالت سے کئی حضرات وابستہ رہے اور میرے مرحوم جان محمد صاحب آندھرا پردیش ہائی کورٹ میں سپرنٹنڈنٹ کے عہدے پر فائز تھے۔ اس طرح خاندانی ماحول اور والد صاحب کی ملازمت کا مجھ پر کافی اثر رہا اور میں نے اس پیشے سے خود کو وابستہ کر لیا۔

**سوال** : تلنگانہ انسانی حقوق کمیشن میں اوسطاً روزانہ کی اساس پر کتنے مقدمات درج ہوتے ہیں؟

**جواب** : ہر روز تقریبا 10 تا 11 مقدمات درج ہوتے ہیں اور کمیشن ان کی علاجلانہ یکسوئی کرتا ہے اور ہر مقدمہ کی گہرائی تک پہنچ کر حقائق سے آگہی حاصل کرتا ہے۔ کمیشن ہر طرح اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ کسی بھی فریق کے ساتھ زیادتی یا ناانصافی نہ ہو۔

جسٹس ڈاکٹر میم اختر نے عوام کو مشورہ دیا کہ جس طرح ممکن ہو سکے اپنے تنازعات کی عدالت سے باہر یکسوئی کریں۔ اس سے وقت توانائی بچے گی اور فریقین قانونی پیچیدگیوں میں الجھنے سے محفوظ رہیں گے۔

********

